## سفر سے قبل مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ کا امیگریشن کیس ہے، آپ پہلے گرفتار ہو چکے ہیں، یا قانون نافذ کرنے والے اداروں کی نگرانی میں ہیں تو آپ کو سفر کرنے سے قبل اپنے اٹارنی سے بات کرنی چاہیے۔ اگر آپ کے ملک کے اندر یا بیرون ملک سفر کے بارے میں سوالات ہیں یا اس حوالے سے آپ فکرمند ہیں تو "کلیئر" سے بلامعاوضہ مشاورت کیجیے۔

ساتھ کیا لاؤں؟ یہ ذہن نشین کر لیجیے کہ آپ کے ساتھ یا آپ کے سامان میں جو کچھ ہے، ایئر پورٹ کے حکام اس کی تلاشی کر سکتے ہیں۔

دستاویزات، جو ساتھ ہوں:

- ملک کے اندرسفر کرنے والوں کو لازماً حکومت کا جاری کردہ آئی ڈی دکھانا ہوتا ہے، جیسے کہ ڈرائیونگ لائسنس۔
- بیرون ملک سفر کرنے والے امریکی شہریوں یا غیر شہریوں کو لازماً ویلڈ (valid) پاسپورٹ ساتھ رکھنا ہوتا ہے۔
- غیر شہریوں کو اپنا گرین کارڈ، ویزے کے کاغذات، اور دیگر متعلقہ دستاویزات، جیسے I-94 یا I-20 ساتھ رکھنا چاہئیں۔
- ہم یہ بھی تجویز کرتے ہیں کہ سفر کے منصوبے (itinerary) کا پرنٹ آؤٹ اور اپنا ایمرجنسی رابطہ نمبر بھی ساتھ رکھیں۔

ساتھ رکھنے اور چیک اِن کے لیے کون سا سامان لانا چاہیے؟

- ایئر لائن کی ویب سائٹ دیکھیں کہ اس میں سامان ساتھ رکھنے اور لانے پر کون سی پابندیاں ہیں۔
- اتنا سامان لائیں جتنا آپ کو ضرورت ہو، لیکن تیار رہیں کہ ایئرپورٹ حکام آپ سے بہت زیادہ یا بہت کم سامان لانے پر سوالات پوچھ سکتے ہیں۔
- اگر آپ 10,000 ڈالر یا اس سے زائد کے ساتھ سفر کر رہے ہیں تو آپ کو ہمیشہ کسٹمز آفیسروں کو ڈیکلیئر کرنا چاہیے۔ کم رقم کے ساتھ سفر کرنا ہمیشہ بہتر رہتا ہے۔

## سفر کرتے وقت میری توقع کیا ہونی چاہیے؟

سوالات۔ ایئرپورٹ حکام کو اجازت ہوتی ہے کہ وہ آپ کی شناخت، امیگریشن سٹیٹس، اور آپ کے سفر کی بنیادی معلومات کے بارے میں سوالات کر سکیں۔ آپ کو ان کے سوالات کے درست جواب دینے چاہئیں۔ لیکن بلاوجہ اضافی معلومات نہ دیں۔

ایئرپورٹ حکام آپ کے مذہبی یا سیاسی خیالات کے بارے میں یا کسی مخصوص شخص کو جاننے کے بارے میں سوالات کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ یہ سوالات نامناسب ہیں اور ان کے اختیار سے تجاوز ہیں۔ آپ یہ کہہ کر ان کے جواب سے انکار کر سکتے ہیں کہ "اپنے مذہبی یا سیاسی عقائد، یا کسے میں جانتا ہوں، اس طرح کےسوالات کے جوابات میرے لیے عدم اطمینان کا باعث ہیں (I am not comfortable answering questions about my religious or political beliefs, or about who I know)۔" اگر آفیسر اصرار کرے کہ آپ اس طرح کے سوالات کے جواب دیں تو اسے کہیں کہ آپ اپنے اٹارنی سے بات کرنا چاہتے ہیں۔ مفت قانونی نمائندگی یا حوالہ کے لیے "کلیئر" سے رابطہ کریں۔

تلاشی۔ ایئرپورٹ حکام کو آپ کے سامان اور آپ کی تلاشی کی اجازت ہوتی ہے۔ آپ اپنی تلاشی کو بے جا مداخلت سے بچانے کے لیے اقدامات کر سکتے ہیں۔ جب حکام آپ کے سامان یا آپ کی تلاشی کر رہے ہوں تو تلاشی کرنے والے اہلکار کو ازخود کوئی معلومات نہ دیں، اور اگر کوئی شے آپ کی نظر کے سامنے سے اٹھائی جائے، تو اسے نوٹ کریں۔ کارندے کا پورا نام، ایجنسی، بیج نمبر اور شناخت دریافت کریں اور ان معلومات کو لکھ لیں۔

آپ کے سامان کی تلاشی:

- ایئرپورٹ حکام سے کہیں کہ وہ آپ کے سامنے آپ کے بیگ کی تلاشی لیں۔
- اگر کوئی کارندہ آپ کی کسے شے کو ضبط کرے تو رسید کا مطالبہ کریں اور کارندے کا نام نوٹ کر لیں۔
- اگر کوئی ایجنٹ آپ کے الیکٹرونک ڈیٹا کو کاپی کرتا ہے یا سکین کرتا ہے تو رسید کا مطالبہ کریں اور ایجنٹ کے نام کے ساتھ ساتھ تاریخ، مقام اور وقت نوٹ کرلیں۔

آپ کی تلاشی:

- تمام مسافروں کو سکیورٹی کے دوران معمول کی تلاشی سے گزرنا پڑتا ہے۔
- اگر ایئرپورٹ پر پورے جسم کو سکین کرنے والی مشینیں (full-body scanners) ہوں تو آپ سکین کرانے یا آپ کی ہی جنس سے تعلق رکھنے والے کارندے سے تلاشی کرانے میں سے کسی ایک کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ علیحدہ جگہ پر تلاشی کرانے کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ سکین کرانے کا انتخاب کریں تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ سکین کردہ تصاویر آپ ہی کی جنس سے تعلق رکھنے والی/والا آفیسر دیکھے۔
- اگر آپ علیحدہ جگہ تلاشی کرانا چاہتے ہیں تو آپ اپنے خاندان کے کسی رکن یا دوست کو ساتھ لے آنے کی اجازت مانگ سکتے ہیں۔
- اگر مذہبی پہناوا اتارنے کا کہا جائے ، جیسے حجاب، تو آپ کسی چھڑی (wand) کے ذریعے اس کی تلاشی کا کہہ سکتے ہیں۔ اگر وہ اصرار کریں کہ آپ حجاب اتاریں تو آپ کو صرف علیحدہ جگہ پر اپنی ہی جنس سے تعلق رکھنے والے کارندے کے سامنے اسے اتارنے کا حق حاصل ہے۔
- آپ کو مزید تلاشی کے لیے بھی منتخب کیا جا سکتا ہے۔
- ایئرپورٹ کے کارندے ایک عام تلاشی کے دوران آپ کا پہناوا اتروا کر تلاشی نہیں لے سکتے۔

### اگر مجھے محسوس ہو کہ مجھ سے نامناسب سوالات کیے گئے یا تلاشی نامناسب تھی، تو کیا کرنا چاہیے؟

- آپ کے ساتھ جو واقعات ہوں، ان کی تمام تفصیلات، جو آپ کو یاد ہوں، کا ریکارڈ رکھیں۔ ان میں شامل حکام کے نام اور شناخت کی معلومات، ضبط شدہ ملکیت کی رسیدیں، کسی شاہد کا نام اور رابطہ کی معلومات شامل ہیں۔
- "کلیئر" کو کال کریں۔ ہم آپ کو مختلف راہیں بتلانے میں مددگار ہو سکتے ہیں۔
- اگر آپ سے نامناسب طور پر سوالات پوچھے گئے ہیں، تلاشی لی گئی ہے، حراست میں رکھا گیا ہے یا بورڈنگ سے روکا گیا ہے، یا آپ کو اپنے مذہب، نسل یا کسی ملک سے تعلق کی بنیاد پر ہراساں کیا گیا ہے تو آپ ڈیپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سکیورٹی کے ٹریول ریڈرس انکوائری پروگرام (TRIP) کو شکایت درج کرا سکتے ہیں۔
    - آپ آن لائن شکایت درج کرا سکتے ہیں:

http://www.dhs.gov

## اپنے حقوق جانیے!

سفر بطور مسلما (Flying while Muslim)

9/11 کے بعد بہت سے مسلمانوں، عربوں اور جنوبی ایشیائی باشندوں کے لیے سفر ایک تکلیف دہ تجربہ بن کر رہ گیا ہے ۔ دوران سفر آپ کے حقوق کیا ہیں یہ پمفلٹ اس بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ علاوہ ازیں یہ معلومات بھی فراہم کرتا ہے کہ آپ اپنے سفر کو کیسے محفوظ اور کم پریشان کن بنا سکتے ہیں ۔

CLEAR

**C**REATING
**L**AW
**E**NFORCEMENT
**A**CCOUNTABILITY &
**R**ESPONSIBILITY


**CLEAR SERVICES ARE PROVIDED FREE OF CHARGE.**
For more information, or to request support:

(718) 340-4558 | cunyclear@ law.cuny.edu
www. cunyclear.org

CUNY SCHOOL OF LAW
MAIN STREET LEGAL SERVICES


امیگریشن ایجنٹس عموماً ایسے افراد کو، جن کے پاس مناسب دستاویزات نہ ہوں یا جو آؤٹ آف سٹیٹس (out of status) ہوں، روک لیتے ہیں، چاہے وہ اندرون ملک ہی سفر کیوں نہ کر رہے ہوں۔ اگر ایسا ہو تو کسی سوال کا جواب نہ دیں سوائے اپنا نام فراہم کرنے کے، اور کسی اٹارنی سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کا پہلے سے عدالت میں امیگریشن کا مقدمہ چل رہا ہو تو اگلی پیشی کے نوٹس کی نقل دوران سفر اپنے پاس رکھیں۔

### قانونی مدد کے لیے ہم سے رابطہ کریں

اگر آپ کو قانونی امداد، صلاح، یا حوالہ کی ضرورت ہو تو 'کلیئر' سے رابطہ کریں۔ ہم نفاذِقانون سے متعلق سوالات اور پوچھ گچھ؛ گرینڈ جیوری اور سمن کا اجرا؛ خیرات؛ سفر؛ وغیرہ کے لیے افراد کی نمائندگی اور مشاورت کرتے ہیں۔ ہماری خدمات بلامعاوضہ ہیں۔

### آگاہی بڑھائیں!

اپنی مساجد یا کمیونٹی سنٹر میں 'کلیئر' کی 'اپنے حقوق جانیے' (Know Your Rights) ورکشاپ کا اہتمام کیجیے۔ 'کلیئر' یہ ورکشاپ مفت کرتا ہے۔

- ○ آپ ٹی آر آئی پی کو ای میل کر سکتے ہیں: trip@dhs.gov
- ○ اگر ٹی آر آئی پی کے افعال کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہے یا ٹی آر آئی پی کو شکایت درج کرانے میں مدد کی ضرورت ہے تو "کلیئر" سے رابطہ کریں۔

### واچ لسٹیں

وفاقی حکومت کے پاس کم از کم دو واچ لسٹیں ہیں --- نو فلائی لسٹ (No-Fly List) اور سلیکٹی لسٹ (Selectee List)۔ اگرچہ ان لسٹوں کی قانونی حیثیت کو اس وقت عدالت میں چیلنج کیا جارہا ہے، تاہم آپ نو فلائی لسٹ میں ہیں تو آپ کو بورڈنگ پاس جاری نہیں کیا جائے گا اور آپ کو ہوائی جہاز میں سوار نہیں ہونے دیا جائے گا۔ اگر آپ سلیکٹی لسٹ میں ہیں تو آپ کی اضافی چھان بین ہوگی، البتہ ہوائی سفر کی اجازت ہوگی۔

اگر کوئی ایئرپورٹ اہلکار آپ سے کہے کہ آپ کسی "لسٹ" پر ہیں تو مطمئن رہیں اور وضاحت طلب کریں۔ کسی اضافی سوال کا جواب نہ دیں۔ اگر ایف بی آئی یا کسی دیگر ایجنسی کے کارندے بات کرنے کا کہیں تو شائستگی سے کہیں "میں فی الوقت آپ کے سوالات کا جواب نہیں دوں گا (I will not answer your questions at this time)۔" اگر وہ اصرار کریں تو ان سے کہیں کہ آپ پہلے اپنے اٹارنی سے بات کرنا چاہتے ہیں، اور "کلیئر" سے رابطہ کریں۔

- اگر آپ کا نام دونوں میں سے کسی فہرست میں ہے تو "کلیئر" سے رابطہ کریں۔ ہم آپ کو بلامعاوضہ ،مختلف راہیں تلاش کرنے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں، اور TRIP میں شکایت درج کرا کر دے سکتے ہیں۔

### امیگریشن پر اثرات

اگر آپ کے پاس گرین کارڈ ہے تو آپ سے ہر سال کم از کم 180 دن (چھ ماہ) امریکہ میں رہنے کی توقع کی جاتی ہے۔ اگر آپ ملک سے باہر جا رہے ہیں تو آپ کو چھ ماہ کے اندر ملک واپس آنا چاہیے۔ اگر آپ کو معلوم ہو کہ آپ چھ ماہ سے زائد عرصہ ملک سے باہر رہیں گے تو آپ کو دوبارہ داخلے کی اجازت کے لیے درخواست (re-entry permit) دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔